شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

15- اکتوبر 2021

پریس ریلیز

اُسوہ حسنہ کی پیروی ہی مسلمانوں کے لیے راہِ نجات ہے۔

لاہور(پ ر) اسوۂ حسنہ کی پیروی ہی مسلمانوں کے لیے راہ نجات ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ماہِ ربیع الاوّل کے حوالے سے کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے حضور ﷺ کو آخری نبی اور رسول بنا کر مبعوث فرمایا۔ امیر تنظیم نے واضح کیا کہ حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں کیلیے حضور ﷺ کا کامل اتباع کسی خاص ماہ و سال سے جڑا ہوا نہیں بلکہ ہمہ وقت، ہمہ گیر اور ہمہ جہت اتباعِ رسول ﷺ مسلمانوں کے لیے ناگزیر ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم اِس ماہ میں محافل میلاد منعقد کر کے حضور ﷺ کو خراجِ عقیدت تو پیش کرتے ہیں جو یقیناً باعثِ ثواب ہے لیکن یہ بات باعثِ افسوس اور ندامت ہے کہ سال بھر آپ ﷺ کے فرمودات پر عمل پیرا نہیں ہوتے۔ علاوہ ازیں آپ ﷺ کی سیرتِ مبارکہ کا وہ حصہ جو اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ دین کو نافذ کرنے کے مشن سے عبارت ہے اُسے فراموش کر چکے ہیں اور نہ ہی واعظین کی طرف سے اُس کی یاد دھانی کرائی جاتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس ہی مشن کی وجہ سے پہلے قریش مکہ اور بعد ازاں یہود و نصاریٰ آپ کی جان کے دشمن بن گئے۔ حکومت کی طرف سے رحمت اللعالمین اتھارٹی قائم کرنے پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنھوں نے کہا کہ اگرچہ یہ سب کچھ قابل تحسین ہے لیکن اصل مسئلہ عمل کا ہے اور یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ رحمت اللعالمین اتھارٹی اجتماعی نظام کے حوالے سے بھی کوئی جوہری تبدیلی لا سکے گی یا نہیں کیونکہ جب تک ہر سطح پر مکمل طور پر اسلامی نظام نافذ نہیں ہوتا۔ اِس طرح کے اقدامات ثمر آور نہیں ہو سکیں گے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 15 October 2021

"Following the 'Uswah-e-Hasana' of the Holy Prophet *(SAAW)* is only path of salvation for the Muslims."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Following the 'Uswah-e-Hasana' of the Holy Prophet *(SAAW)* is only path of salvation for the Muslims."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in his message for the month of Rabi ul Awal. He said that Allah *(SWT)* sent Muhammad *(SAAW)* as the last Prophet and Messenger. The Ameer asserted that following the way of the Holy Prophet *(SAAW)* is not exclusive to any particular month for the Muslims. In fact, he continued, it is imperative for the Muslims to fully follow the way of the Holy Prophet *(SAAW)* in all aspects of their entire life, from the cradle to the grave. He said that while Muslims organize 'Mehfil-e-Melad' during this month, which is certainly a source of divine reward, yet it is a matter of great shame and ignominy that we do not follow the Sunnah and commandments of the Holy Prophet *(SAAW)* throughout the year. Moreover, the Ameer lamented that the part of the Seerah of the Holy Prophet *(SAAW)* that is related to his *(SAAW)* mission of the enforcement of the Deen of Allah *(SWT)* in the land has been completely forgotten by today's Muslims, and it is extremely concerning that the religious speakers do not remind their listeners about that aspect of the Seerah any longer. The Ameer remarked that the fact of the matter is that it was due to that mission that the pagans of the Quraysh of Makkah, first, and the Jews and Christians, later, became the sworn enemies of the Holy Prophet *(SAAW)*.

While commenting on the 'Rehmatul-lil-Alameen Authority' established by the government, the Ameer said that all this is virtuous and noble, yet the real problem rests with its implementation and practical manifestation of such steps, and it is imperative to ascertain whether the newly established 'Rehmatul-lil-Alameen Authority' would be able to bring about any fundamental change regarding the collective system of our country or not, because until Islam is enforced as the system at all levels of our country, steps such are not likely to be effective.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan